## سوال

(63) دفن کے بعد میت کےلیے دعا کی کیفیت

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میت کو دفن کرنے اوراس پر مٹی ڈال دینے کے بعد میت کےلیے کس طرح دعا کی جائے یعنی بیٹھ کر دعا کرنا افضل ہے یا کھڑے ہو کر؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جو شخص میت کو دفن کرنے اوراس پر مٹی ڈالنے کے بعد دعا کرنا چاہے تو اس کےلیے سنت یہ ہے کہ وہ کھڑا ہو کر دعا کرے، اس کےلیے دلیل وہ حدیث ہے جسے امام ابوداود نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب دفن میت سے فارغ ہوتے تو قبر کے پاس کھڑے ہو جاتے اور فرماتے :

(استغفروا لاخیکم واسالوا له بالتثبیت فانه الان یسال) (سنن ابی داود' الجنائز' باب الاستغفار عند القبر لخ' ح: 3221 والمستدرک للحاکم: 1/370)

''اپنے بھائی کےلیے مغفرت کی دعا کرو اوراس کی ثابت قدمی کےلیے اللہ تعالیٰ سے سوال کرو، کیونکہ اب اس سے سوال کیا جائے گا۔''

امام ابوداود اور منذری نے اس حدیث پر سکوت فرمایا۔ امام حاکم نے بھی اسے روایت کیا اور صحیح قرار دیا ہے۔[1] علاوہ ازیں امام بزار نے بھی اسے روایت کیا اور فرمایا ہے کہ یہ حدیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف اسی طریق سے مروی ہے۔

---

[1] مستدرک حاکم: 270/1 والمنذري في الترغیب: 345/4 والبزار في مسنده: 91/2، حدیث: 445

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**کتاب الجنائز: ج2 صفحہ66**